Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No.____________

Sig. of Candidate ____________

Sig. of Invigilator.____________

FEDERAL BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION ISLAMABAD

9

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-II

**GROUP – I**

## حصہ اوّل (کُل نمبر:20)

وقت: 25 منٹ

**نوٹ:** حصۂ اوّل لازمی ہے اور صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر1:** دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) بابائے اردو مولوی عبدالحق کو راولپنڈی کے ہسپتال میں کس نے داخل کرایا؟

الف۔ صدر ایوب ب۔ صدر بھٹو

ج۔ صدر ضیاء الحق د۔ صدر غلام اسحق خان

(ii) ہجرت مدینہ کے موقع پر حضرت علیؓ حضور ﷺ کی روانگی کے کتنے دن بعد مکہ سے روانہ ہوئے؟

الف۔ ایک دن ب۔ دو دن

ج۔ تین دن د۔ چار دن

(iii) مولانا ظفر علی خان کے مشہور اخبار کا نام کیا تھا؟

الف۔ جنگ ب۔ مشرق

ج۔ زمیندار د۔ نوائے وقت

(iv) نویں صدی سے تیرھویں صدی عیسوی تک دنیا بھر کے سائنسدانوں میں مسلمانوں کا تناسب کیا تھا؟

الف۔ 35 فیصد ب۔ 45 فیصد

ج۔ 55 فیصد د۔ 65 فیصد

(v) ڈرامہ ''اپنا اپنا راگ'' کے مطابق جلیل کس سے شادی کرنا چاہتا تھا؟

الف۔ نزہت ب۔ اختر

ج۔ رقیہ د۔ ثریا

(vi) شاہ عبداللطیف بھٹائی کا لڑکپن کہاں بسر ہوا؟

الف۔ بھٹ شاہ ب۔ ہالہ حویلی

ج۔ ٹھیاری د۔ کوٹڑی

(vii) مولانا ظفر علی خان نے '' خمستانِ ازل کا ساقی '' میں اللہ تعالیٰ کا مقام کس جگہ کو قرار دیا ہے؟

الف۔ زمین ب۔ آسمان

ج۔ دونوں جہاں د۔ اپنا ٹوٹا ہوا دل

(viii) اکبر الہ آبادی نے اپنی شاملِ نصاب نظم '' لندن میں عقد '' کے آخری اشعار میں کس راہنما کا ذکر کیا ہے؟

الف۔ سرسید ب۔ علامہ اقبال

ج۔ قائدِ اعظم د۔ لیاقت علی خان

(ix) جام ورک نے نسیمِ سحر کو کیا قرار دیا ہے؟

الف۔ جنتی ب۔ جہنمی

ج۔ زندگی د۔ محبوبہ

(x) نظم ''ہری بھری فصلو '' میں شاعر نے جھومتے کھیتوں کو کیا قرار دیا ہے؟

الف۔ خوبصورت مستقبل ب۔ زندگی

ج۔ دھرتی کا حسن د۔ ہستی کی تقدیر

eduvision.edu.pk

یہاں کچھ نہ لکھا جائے

---

(xi) احسان دانش نے جذبۂ تعمیر آزادی کو کیا قرار دیا ہے؟

الف۔ عبادت ب۔ تجارت

ج۔ شہادت د۔ ریاضت

(xii) تابش دہلوی کے خیال میں صیاد کس طائر کو آزاد کرتا ہے؟

الف۔ جو اُڑتا ہے ب۔ جو اُڑ نہیں سکتا

ج۔ جس کے پر ٹوٹے ہیں د۔ جو اُس سے مانوس ہے

(xiii) میر درد نے زندگی کو کس سے تشبیہ دی ہے؟

الف۔ آندھی ب۔ سفر

ج۔ طوفان د۔ شُعلہ

(xiv) غالب کے خیال میں اگر غمِ عشق نہ ہوتا تو کیا ہوتا؟

الف۔ کچھ نہ ہوتا ب۔ غمِ روزگار ہوتا

ج۔ انسان ہی نہ ہوتا د۔ موت نہ آتی

(xv) فراق گورکھپوری کے خیال میں انسان کے دل میں کیا ہے؟

الف۔ محبت ب۔ نفرت

ج۔ عشق د۔ آگ

(xvi) علامہ اقبال کے خیال میں لالے کی حنابندی کون کرتا ہے؟

الف۔ پانی ب۔ مالی

ج۔ فطرت د۔ عشق

(xvii) اے ماؤ ، بہنو ، بیٹیو میں کون سی علامت استعمال ہوئی ہے؟

الف۔ سکتہ ب۔ وقفہ

ج۔ رابطہ د۔ تفصیلیہ

(xviii) " میں نے کھانا کھالیا ہے " اس جملے میں " لیا " کون سا فعل ہے؟

الف۔ اصل فعل ب۔ امدادی فعل

ج۔ فعل لازم د۔ فعل ناقص

(xix) قواعد کی رُو سے جملہ مکمل کریں۔ بانگِ درا ----------

الف۔ چھپ گیا ب۔ چھپ گئی

ج۔ چھپ گئیں د۔ چھپ گئے

(xx) " زمین اور آسمان جھوم اُٹھے " اس جملے میں " اور " قواعد زبان کی رُو سے کیا ہے؟

الف۔ حرف ب۔ حرفِ اضافت

ج۔ حرفِ جار د۔ حرفِ عطف

---

برائے ممتحن: کُل نمبر : 20 حاصل کردہ نمبر: [ ]



eduvision.edu.pk

# اُردو (لازمی)   ایچ ایس سی -II

## GROUP – I

وقت: 2:35 گھنٹے

کُل نمبر حصہ دوم اور سوم : 80

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

### حصہ دوم (کُل نمبر 44)

سوال نمبر ۲: درج ذیل سوالات کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (12x3=36)

(i) ابراہیم کی ماں نے ہمایوں کو کیا نذر کیا؟

(ii) شاہ عبداللطیف بھٹائی کی تعلیم کے بارے میں عام رائے کیا ہے؟ اور یہ کس حد تک درست ہے؟

(iii) ڈرامہ انارکلی کے شاملِ نصاب حصے میں اکبر کی خواب گاہ کی آرائش کا کس طرح ذکر کیا گیا ہے؟

(یا)

بیگم اختر ریاض الدین جہاز میں بھوکی کیوں رہ گئیں؟

(iv) لندن میں عقد کرنے پر لوگوں نے کس قسم کے طعنے دیے؟

(v) کرسی سے گرنے والے کا انجام کیا ہوتا ہے؟

(vi) نظم ''ریل کا سفر'' کے مطابق لوگ بستر میں کیا باندھ لائے؟

(یا)

خاصہِ خاصانِ رُسل کے الفاظ مولانا حالی نے کس کے لیے استعمال کیے؟

(vii) علامہ اقبال کس چیز کو متاع بے بہا قرار دیتے ہیں؟

(viii) ناصر کاظمی کے خیال میں محبوب کی یاد اور سایۂ گُل کا کیا تعلق ہے؟

(ix) غالب کے خیال میں قطرے پر گُہر ہونے تک کیا گزرتی ہے؟

(یا)

تابش دہلوی کے خیال میں جوئے شیر اور جوئے خوں کس طرح برابر ہیں؟

(x) **لینا، دینا، سکنا** کو بطور امدادی فعل جملوں میں استعمال کیجیے۔

(xi) علامتِ سکتہ عبارت میں کہاں استعمال ہوتی ہے؟ دو مثالوں کے ذریعے واضح کریں۔

(یا)

علامتِ ندائیہ کا عبارت میں استعمال دو مثالوں کے ذریعے واضح کریں۔

(xii) مطابقت کے اصولوں کے مطابق مندرجہ ذیل جملوں کو درست کیجیے:

الف۔ میں نے آج کی ''جنگ'' پڑھی۔

ب۔ اُس کا گھر بار، مال اسباب سب کچھ بک گئے۔

ج۔ میں نے وہاں کے آموں کو میٹھے پایا۔

سوال نمبر ۳۔ اپنے دوست کے نام خط لکھ کر اسے اپنی تعلیم میں دلچسپی لینے کی نصیحت کریں۔ (8)

(یا)

ایک گلاب کے پھول کی آپ بیتی تحریر کیجیے۔

eduvision.edu.pk

## حصہ سوم (کل نمبر 36)

**سوال نمبر ۴۔ سبق اور مصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے:** (1+1+4=6)

الف۔ اس ہمت والے نے کہا کہ اے میرے رفیقو! جو فتح تم نے کی ہے اس کی عالم میں دھوم مچ گئی ہے، مگر اس حرکت کو سن کر ملک ملک کے بادشاہ یہی کہیں گے کہ اتنا بڑا ملک لے کر یہ خزانے اور جواہرات مارے اور جب تلوار مانے کا وقت آیا تو سرداروں کو آگے رکھ کر آپ سرک گیا۔ تیمور و چنگیز کے نام پر داغ لگانے سے مر جانا ہزار درجہ بہتر ہے۔ خیر اب جو تمھارا حال، سو میرا حال۔ یہ سن کر تمام سرداروں نے دعا کی اور فوج مع توپ خانے کے روانہ ہوئی۔

ب۔ اقبال کا ایک خاص وصف یہ بھی تھا کہ وہ اکثر ایسی باتیں بتا دیتے تھے اور اس طرح سے بتا دیتے کہ اس ایک بات سے بے شمار نئی نئی اور عجیب باتیں اور خود برآمد ہونے لگتی تھیں اور کم سے کم مجھے تو ایسا محسوس ہوتا تھا جیسے میں ان کی اس ایک بات سے بہت سی دوسری باتیں نکال سکتا تھا۔ پھر لطف یہ کہ یہ دوسری باتیں اصل بات سے کوئی واسطہ براہ راست نہیں رکھتی تھیں۔ ان کی بتائی ہوئی باتیں نہ صرف نئے راستے کھول دیتی تھیں بلکہ ان راستوں پر مجاہدانہ و مجتہدانہ انداز سے گرم رفتار ہونا بھی آسان اور دلچسپ ہو جاتا تھا۔

**سوال نمبر ۵۔ کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں:** (1+1+4=6)

الف۔
پہنچتا ہے ہر اک میکش کے آگے دورِ جام اس کا
کسی کو تشنہ لب رکھتا نہیں ہے لطفِ عام اس کا
گواہی دے رہی ہے اس کی یکتائی پہ ذات اس کی
دوئی کے نقش سب جھوٹے، ہے سچا ایک نام اس کا
ہر اک ذرّہ فضا کا داستاں اس کی سناتا ہے
ہر اک جھونکا ہوا کا آ کے دیتا ہے پیام اس کا

ب۔
عبادت ہے سراپا جذبۂ تعمیر آزادی
شہادت مستقل اک سُرخی تحریرِ آزادی
جہاں آزاد کر سکتے نہ ہوں تقریرِ آزادی
وہ آزادی مری نظروں میں ہے تحقیرِ آزادی
فضائیں کر رہی ہیں ذوقِ ایثار و عمل پیدا
لہو میں دوڑتا ہے شعلۂ تاثیرِ آزادی

**سوال نمبر ۶۔ درج ذیل میں سے تین اشعار کی تشریح کیجیے۔ ہر شعر کے شاعر کا نام بھی لکھیں:** (3+3+3=9)

الف۔
مٹ جائیں ایک آن میں کثرت نمائیاں
ہم آئینے کے سامنے جب آ کے ہو کریں

ب۔
پختہ ہوتی ہے اگر مصلحت اندیش ہو عقل
عشق ہو مصلحت اندیش تو ہے خام ابھی

ج۔
ہم نے مانا کہ تغافل نہ کرو گے لیکن
خاک ہو جائیں گے ہم، تم کو خبر ہونے تک

د۔
دل دھڑکنے کا سبب یاد آیا
وہ تری یاد تھی اب یاد آیا

ہ۔
اے دوست یوں تو ہم تری حسرت کو جو کہیں
لیکن یہ زندگی تو کوئی زندگی نہیں

**سوال نمبر ۷۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون لکھیں:** (15)

الف۔ پاکستان میں توانائی کا بحران
ب۔ اسلام ایک امن پسند مذہب
ج۔ قومی زبان اُردو
د۔ استاد کا احترام

eduvision.edu.pk

Roll No. [ ][ ][ ][ ][ ][ ]

Answer Sheet No.____________

Sig. of Candidate ______________

Sig. of Invigilator.____________

11

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی-II

GROUP – II

حصہ اوّل (کُل نمبر:20)

وقت: 25منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے اور صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر1: دیے گئے الفاظ یعنی الف رب رج رد میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔**

(i) قریشِ مکہ نے حضورؐ کی گرفتاری پر کتنے انعام کا اعلان کیا تھا؟

الف۔ سو اونٹ　　ب۔ دو سو اونٹ

ج۔ تین سو اونٹ　　د۔ ایک ہزار اونٹ

(ii) ڈرامہ '' انارکلی '' کی تصدیق تاریخ کی کس کتاب سے ہوتی ہے؟

الف۔ آثار الصنادید　　ب۔ تاریخ ادب اُردو

ج۔ تاریخِ ہند　　د۔ کسی کتاب سے نہیں

(iii) سبق '' ایک وصیت کی تعمیل '' کس کے بارے میں ہے؟

الف۔ مولوی عبدالحق　　ب۔ مولوی نذیر احمد

ج۔ مولوی وحیدالدین سلیم　　د۔ مولانا ظفر علی خان

(iv) سبق ''ظہیرالدین بابر '' کے مطابق بابر کے مقابلے میں ابراہیم لودھی کتنی فوج لایا تھا؟

الف۔ ایک لاکھ　　ب۔ دو لاکھ

ج۔ تین لاکھ　　د۔ چار لاکھ

(v) علامہ اقبالؒ نے جاوید اور بانو کی نگہداشت کے لیے کس ملک کی خاتون کی خدمات حاصل کی تھیں؟

الف۔ جاپان　　ب۔ جرمنی

ج۔ فرانس　　د۔ انگلستان

(vi) مستنصر حسین تارڑ کے شاملِ نصاب سفرنامہ ''وادیٔ ہنزہ کا چراغاں '' کے کردار عبدالحق صاحب ____________ تھے۔

الف۔ ڈاکٹر　　ب۔ انجینئر

ج۔ پروفیسر　　د۔ سکول ٹیچر

(vii) حفیظ تائب نے اپنی نظم میں ''نجومِ اہتدا '' کے الفاظ کس کے لیے استعمال کیے ہیں؟

الف۔ حضور اکرمؐ کے لیے　　ب۔ صحابۂ کرامؓ کے لیے

ج۔ فرشتوں کے لیے　　د۔ اہلِ مدینہ کے لیے

(viii) انور مسعود کے قطعہ '' وکیل '' کے مطابق وکیل صاحب نے مکان کا قبضہ دلانے کی کیا فیس وصول کی؟

الف۔ دس ہزار روپے　　ب۔ ایک لاکھ روپے

ج۔ دو لاکھ روپے　　د۔ پورا مکان

(ix) اکبرالہ آبادی نے اپنی نظم ''فرضی لطیفہ '' میں کون سے مشہور رومانوی جوڑے کا ذکر کیا ہے؟

الف۔ ہیر رانجھا　　ب۔ سسی پنوں

ج۔ شیریں فرہاد　　د۔ لیلیٰ مجنوں

(x) نظم ''سورۂ رحمٰن ''کے مطابق نور کا دریا کہاں سے بہتا ہے؟

الف۔ سُورج سے　　ب۔ آسمان سے

ج۔ زمین سے　　د۔ چودھویں کے چاند سے

eduvision.edu.pk

یہاں کچھ نہ لکھا جائے

---

(xi) نظم '' کرسی نامہ '' کے مطابق کرسی بونے کو کتنے فٹ کا بنا دیتی ہے؟

الف۔ تین فٹ ب۔ چار فٹ

ج۔ پانچ فٹ د۔ چھ فٹ

(xii) تابش دہلوی کے مطابق آدم زاد کو اب کون گمراہ کر رہا ہے؟

الف۔ شیطان ب۔ جن

ج۔ انسان د۔ آدم زاد

(xiii) ناصر کاظمی اپنے محبوب کو حالِ دل کیوں نہ سنا سکے؟

الف۔ اس کی بے وفائی کی وجہ سے ب۔ بلاوجہ

ج۔ ضبط کی وجہ سے د۔ اس کے جانے کے بعد یاد آیا

(xiv) خواجہ میر دردؔ کے مطابق زاہدانِ شہر کو کس کے ہاتھ پر بیعت کرنی چاہیے؟

الف۔ میر دردؔ ب۔ ساقی

ج۔ سُبو د۔ جام

(xv) مرزا غالب کے خیال میں غمِ ہستی کا کیا علاج ہے؟

الف۔ موت ب۔ زندگی

ج۔ وقت د۔ عشق

(xvi) غزل '' نالہ ہے بلبلِ شوریدہ ترا خام ابھی '' کس شاعر کی تخلیق ہے؟

الف۔ ناصر کاظمی ب۔ علامہ اقبال

ج۔ فراق گورکھپوری د۔ غلام ہمدانی مصحفی

(xvii) سوالیہ جُملے کے بعد کون سی علامت استعمال کی جاتی ہے؟

الف۔ ۔ ب۔ :-

ج۔ ؟ د۔ ---------

(xviii) شب و روز میں '' و '' قواعدِ زبان کی رُو سے کیا ہے؟

الف۔ حرفِ ربط ب۔ حرفِ جار

ج۔ حرفِ علت د۔ حرفِ عطف

(xix) قواعد کی رُو سے جملہ مکمل کریں: گھوڑا گاڑی ----------

الف۔ بک گیا ب۔ بک گئے

ج۔ بک گئی د۔ بک گئیں

(xx) '' اُسے اندر آنے دو '' اس جملے میں امدادی فعل کیا ہے؟

الف۔ اُسے ب۔ اندر

ج۔ آنے د۔ دو

---

برائے ممتحن: کُل نمبر : 20 حاصل کردہ نمبر: 



eduvision.edu.pk

12

# اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی -II

## GROUP – II

وقت: 2:35 گھنٹے | کُل نمبر حصہ دوم اور سوم : 80

نوٹ: حصہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہے۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

### حصہ دوم (کُل نمبر 44)

سوال نمبر ۲: درج ذیل سوالات کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (12x3=36)

(i) مولوی عبدالحق صاحب نے شادی کیوں نہیں کی؟

(ii) بڑے چچا اور جمیل کے تعلقات کیوں کشیدہ ہو گئے تھے؟

(iii) ہجرتِ مدینہ کے وقت حضرت علیؓ نے جاں نثاری کی مثال کیسے قائم کی؟

(یا)

مرزا نے کلیم کو جس مسجد میں ٹھہرایا اس کی کیفیت کیا تھی؟

(iv) حفیظ تائب نے اپنی نظم " یَاۤ اَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ " میں حضور ﷺ کو ہو بہو قرآن کیوں قرار دیا ہے؟

(v) عرب سے شان و شوکت سے نکلنے والا دین غریب الغرباء کیسے ہو گیا؟

(vi) مجید امجد نے ہری بھری فصلوں کے لیے دعا کیوں کی؟

(یا)

خاصۂ خاصانِ رُسل سے کیا مراد ہے؟

(vii) علامہ اقبال نے اپنی شاعری میں عشق کو عقل پر ترجیح کیوں دی ہے؟

(viii) غلام ہمدانی مصحفی کے خیال میں لکھنؤ کی رونق کس کے دم سے تھی؟ اور کیوں؟

(ix) فراق گورکھپوری نے کس زندگی کو زندگی تسلیم کرنے سے انکار کیا ہے؟

(یا)

ناصر کاظمی کی غزل میں " یاد " ایک اہم موضوع ہے۔ تائید یا تردید کریں۔

(x) **آنا، جانا، رکھنا** کو بطور امدادی فعل جملوں میں استعمال کیجیے۔

(xi) علامتِ رابطہ عبارت میں کہاں استعمال ہوتی ہے؟ دو مثالیں دے کر واضح کریں۔

(یا)

عبارت میں رموزِ اوقاف کے استعمال کی کیا اہمیت ہے؟

(xii) مطابقت کے اصولوں کے مطابق مندرجہ ذیل جملوں کو درست کیجیے:

الف۔ زمین اور آسمان جھوم اُٹھا۔

ب۔ ماموں بھانجا لڑ پڑا۔

ج۔ میں نے آج کی اخبار خریدی۔

سوال نمبر ۳۔ چھوٹے بھائی کے نام خط لکھ کر انٹرنیٹ کے فوائد اور نقصانات بتائیے۔ (8)

(یا)

ایک پرانے کوٹ کی آپ بیتی تحریر کیجیے۔

eduvision.edu.pk

## حصہ سوم (کُل نمبر 36)

**سوال نمبر ۴۔ سبق اور مُصنّف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے:** **(1+1+4=6)**

الف۔ تشریف آوری کی خبر مدینہ میں پہلے پہنچ چکی تھی، تمام شہر ہمہ تن چشمِ انتظار تھا، معصوم بچے فخر اور جوش میں کہتے پھرتے تھے۔ پیغمبر (ﷺ) آ رہے ہیں۔ لوگ ہر روز تڑکے سے نکل نکل کر شہر کے باہر جمع ہوتے، اور دوپہر تک انتظار کر کے حسرت کے ساتھ واپس چلے آتے، ایک دن انتظار کر کے واپس جا چکے تھے کہ ایک یہودی نے قلعہ سے دیکھا اور قرائن سے پہچان کر پکارا کہ ''اہلِ عرب لو تم جس کا انتظار کرتے تھے وہ آ گیا۔'' تمام شہر تکبیر کی آواز سے گونج اُٹھا، انصار ہتھیار سج کر بیتابانہ گھروں سے نکل آئے۔

ب۔ پھر حالات ناموافق سروسامان ناپید، وقت ساتھ نہیں دیتا۔ اور رفقاء ہمرہان سُست عناصر دو قدم ساتھ نہیں چل سکتے۔ مسئلہ فلسطین کی گتھی کون سلجھائے؟ مسلمانوں کی تجارت کا انتظام کون کرے؟ مسجدوں کی تنظیم کے لیے کہاں سے کارکن آئیں؟ مسلم لیگ کی شاخیں کون کھولے۔ تحریک ملت تو چل رہی ہے لیکن اس تحریک کو سارے ہندوستان میں پھیلانا ہے۔ تبلیغ کا کام بھی تھوڑا بہت ہوتے رہنا چاہیے۔ اور ان جھگڑوں میں اردو کی خدمت تو رہ گئی اردو میں کام کی کتابیں انگلیوں پر گننے کے لائق ہیں یورپی زبانوں کی ساری قابلِ ذکر کتابوں کا ترجمہ اردو میں ہونا چاہیے۔

**سوال نمبر ۵۔ کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں:** **(1+1+4=6)**

الف۔
اپنے مرکز سے نہ چل منہ پھیر کر بہرِ خدا
بھولتا ہے کوئی اپنی انتہا اور ابتدا
یاد ہے وہ دَور بھی تجھ کو کہ جب تو خاک تھا
کس نے اپنی سانس سے تجھ کو مُنوّر کر دیا

ب۔
چاند کو ہاتھ لگا آئے ہیں اہلِ ہمت
ان کو یہ دُھن ہے کہ اب جانب مریخ بڑھیں
ایک ہم ہیں کہ دکھائی نہ دیا چاند
ہم اسی سوچ میں ہیں عید پڑھیں یا نہ پڑھیں

**سوال نمبر ۶۔ درج ذیل میں سے تین اشعار کی تشریح کیجیے۔ ہر شعر کے شاعر کا نام بھی لکھیں:** **(3+3+3=9)**

الف۔
شمع کے مانند ہم اس بزم میں
چشم نم آئے تھے، دامن تر چلے

ب۔
کچھ ٹھوکریں تو کھا چمک اٹھیں گی منزلیں
پائے طلب کو فکرِ سلامت روی نہیں

ج۔
تری نازکی سے جانا' کہ بندھا تھا عہد بودا
کبھی تو نہ توڑ سکتا' اگر استوار ہوتا

د۔
ستمِ اہلِ جہاں کا حوصلہ دیتا ہے جینے کا
وہ بارِ غم اٹھانے میں مری امداد کرتا ہے

ہ۔
یہ فیضانِ نظر تھا یا کہ مکتب کی کرامت تھی
سکھائے کس نے اسماعیل آدابِ فرزندی

**سوال نمبر ۷۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصّل مضمون لکھیں:** **(15)**

الف۔ میرا پسندیدہ شاعر
ب۔ ملکی ترقی میں نوجوانوں کا کردار
ج۔ پابندیٔ وقت کی اہمیت
د۔ دنیا میں پاکستان کی اہمیت

eduvision.edu.pk